## ۵۸ سورة المجادلة مدنی سورة ... کل آیات. ۲۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قَدۡ سَمِعَ اللّٰهُ قَوۡلَ الَّتِیۡ تُجَادِلُکَ فِیۡ زَوۡجِهَا وَ تَشۡتَکِیۡۤ اِلَی اللّٰهِ وَاللّٰهُ یَسۡمَعُ تَحَاوُرَکُمَا ط اِنَّ
اللّٰهَ سَمِیۡعٌ م بَصِیۡرٌ(۱)اَلَّذِیۡنَ یُظٰهِرُوۡنَ مِنۡکُمۡ مِّنۡ نِّسَآئِهِمۡ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمۡ ط اِنۡ اُمَّهٰتُهُمۡ اِلَّا الّٰٓیۡ
وَلَدۡنَهُمۡ ط وَاِنَّهُمۡ لَیَقُوۡلُوۡنَ مُنۡکَرًا مِّنَ الۡقَوۡلِ وَزُوۡرًا ط وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوۡرٌ(۲)وَالَّذِیۡنَ یُظٰهِرُوۡنَ
مِنۡ نِّسَآئِهِمۡ ثُمَّ یَعُوۡدُوۡنَ لِمَا قَالُوۡا فَتَحۡرِیۡرُ رَقَبَةٍ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّتَمَآسَّا ط ذٰلِکُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِهٖ ط وَاللّٰهُ
بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِیۡرٌ(۳)فَمَنۡ لَّمۡ یَجِدۡ فَصِیَامُ شَهۡرَیۡنِ مُتَتَابِعَیۡنِ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّتَمَآسَّا فَمَنۡ لَّمۡ یَسۡتَطِعۡ
فَاِطۡعَامُ سِتِّیۡنَ مِسۡکِیۡنًا ط ذٰلِکَ لِتُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ط وَتِلۡکَ حُدُوۡدُ اللّٰهِ ط وَلِلۡکٰفِرِیۡنَ
عَذَابٌ اَلِیۡمٌ(۴)اِنَّ الَّذِیۡنَ یُحَآدُّوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ کُبِتُوۡا کَمَا کُبِتَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ وَقَدۡ اَنۡزَلۡنَاۤ
اٰیٰتٍ م بَیِّنٰتٍ ط وَلِلۡکٰفِرِیۡنَ عَذَابٌ مُّهِیۡنٌ(۵)یَوۡمَ یَبۡعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِیۡعًا فَیُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا ط اَحۡصٰهُ
اللّٰهُ وَنَسُوۡهُ ط وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ شَهِیۡدٌ(۶)اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یَعۡلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الۡاَرۡضِ ط مَا یَکُوۡنُ مِنۡ نَّجۡوٰی ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمۡ وَلَا خَمۡسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمۡ وَلَاۤ اَدۡنٰی مِنۡ
ذٰلِکَ وَلَاۤ اَکۡثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمۡ اَیۡنَ مَا کَانُوۡا ثُمَّ یُنَبِّئُهُمۡ بِمَا عَمِلُوۡا یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ ط اِنَّ اللّٰهَ بِکُلِّ شَیۡءٍ
عَلِیۡمٌ(۷)اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ نُهُوۡا عَنِ النَّجۡوٰی ثُمَّ یَعُوۡدُوۡنَ لِمَا نُهُوۡا عَنۡهُ وَیَتَنٰجَوۡنَ بِالۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ
وَمَعۡصِیَتِ الرَّسُوۡلِ وَاِذَا جَآءُوۡکَ حَیَّوۡکَ بِمَا لَمۡ یُحَیِّکَ بِهِ اللّٰهُ وَیَقُوۡلُوۡنَ فِیۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ لَوۡلَا
یُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوۡلُ ط حَسۡبُهُمۡ جَهَنَّمُ یَصۡلَوۡنَهَا فَبِئۡسَ الۡمَصِیۡرُ(۸)



## اٹھائیسواں پارہ : قَدۡسَمِعَ اللّٰهُ

## (58)......سُوۡرَةُ اَلۡمُجَادَلَة

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

اللہ نے اس عورت کی بات سُن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں لڑ رہی تھی اور اللہ سے شکایت کر رہی تھی۔ اور
اللہ نے آپ دونوں کی دبی زبان میں سرگوشی سُن لی۔ بے شک اللہ سُننے والا دیکھنے والا ہے۔(1) آپ میں سے جو اپنی
بیویوں کو ماں کہہ دیتے ہیں وہ اُن کی مائیں نہیں۔ اُن کی مائیں وہی ہیں جنھوں نے انہیں پیدا کیا۔ اور وہ جھوٹ کہتے
ہیں، اور بے شک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔(2) بیوی کو ماں کہہ کر قائم نہ رہنے والا بیوی کو دوبارہ چھونے سے
پہلے ایک غلام آزاد کرے۔ اللہ تمہارے کرتوت جانتا ہے۔(3) اگر ایک غلام آزاد کرنے کی استطاعت نہ ہو تو دو ماہ کے
روزے رکھے۔ اس کی بھی استطاعت نہ ہو تو 60 ناداروں (مسکینوں) کو کھانا کھلائے۔ تاکہ تم اللہ اور اُس کے رسول کی
حکم عدولی نہ کرو۔ یہ اللہ کی پابندیاں ہیں۔ اور نافرمانوں کے لئے دردناک عذاب ہے۔(4) اللہ اور اُس کے رسول کے
منکروں کو ذلیل کیا جائے گا جس طرح اُن سے پہلوں کو ذلیل کیا گیا تھا اور یقیناً ہم نے روشن آیتیں نازل کیں اور
نافرمانوں کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔(5) روزِ قیامت اللہ انہیں اُن کے اعمال جتلا دے گا۔ اللہ نے اُن کے تمام
اعمال کا احاطہ کیا ہوا تھا۔ اور وہ اپنے اعمال بھولے ہوئے تھے اور اللہ ہر شے پر گواہ ہے۔(6) کیا تم نے نہیں دیکھا کہ
آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ کے علم میں ہے۔ تین لوگوں میں اگر سرگوشی ہو رہی ہو تو اُن میں چوتھا وہ ہوتا ہے۔ اور اگر
پانچ میں سرگوشی ہو رہی ہو تو وہ چھٹا ہوتا ہے۔ اور خواہ اس سے کم ہوں یا زیادہ ہوں وہ اُن کے ساتھ ہوتا ہے جہاں کہیں
بھی وہ ہوں۔ پھر وہ قیامت کے دن اُن کو اُن کے اعمال جتلا دے گا۔ بے شک وہ ہر شئے جانتا ہے۔(7) دیکھو، سرگوشی
کرنے والے گناہ، عدوان اور رسول کی نافرمانی کے لیے سرگوشی سے منع نہیں ہوتے۔ رسول کے پاس آتے ہیں تو ایسے
سلام کرتے ہیں جیسے اللہ نے کبھی سلام نہیں بولا۔ اور دلوں میں کہتے ہیں کہ ایسا کہنے پر اللہ انہیں کیوں نہیں پکڑتا۔ دوزخ
اُن کے لیے موزوں ہے جس میں وہ اُنہیں ڈالے گا۔ اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔(8)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَتَنَاجَوْا
بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ(۹)اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ(۱۰)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ
وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ط وَاللّٰهُ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ(۱۱)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ط
ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ط فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۱۲)ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ
يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ط فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ(۱۳)اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
ط مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ(۱۴)اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا
ط اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ(۱۵)اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ(۱۶)لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ط اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ط هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ(۱۷)يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى
شَيْءٍ ط اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ(۱۸)اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ط اُولٰٓئِكَ
حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ط اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ(۱۹)



اے ایمان لانے والو جب تم سرگوشی کروتو گناہ، عدوان اور رسول کی معصیت کے لئے سرگوشی نہ کرو۔ اچھائی اورتقویٰ کے لئے کرو۔ اللہ سے ڈرو جس کی طرف تم اُٹھائے جاؤ گے۔(9) بے شک سرگوشی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے تاکہ وہ مومنوں کو غمزدہ کردے۔ اور وہ اللہ کے حکم کے بغیر انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اور مومنوں کو اللہ پر ہی بھروسہ کرنا چاہیئے۔(10) اے مومنوں! جب تمہیں بیٹھنے کا کہا جائے تو جم کر بیٹھو، جب نشست برخاست کا کہا جائے، تو اٹھ جایا کرو۔ اللہ ایمان لانے والوں کا رُتبہ بلند کرے گا۔ اور علم والوں کے درجے ہیں اور اللہ تمہارے کاموں سے باخبر ہے۔(11) اے ایمان لانے والو جب تم رسول کے ساتھ کان میں بات کرو، تو پہلے صدقہ دے دیا کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر اور اطہر ہے۔ پھر اگر تم صدقہ نہ کر پاؤ تو اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔(12) کیا تم ڈر گئے ہو کہ سرگوشیاں کرنے سے پہلے صدقات دینا پڑیں گے۔ پھر جب تم صدقہ نہ دے سکے تو اللہ نے تمہیں معاف کردیا (تمہاری توبہ قبول کرلی) پس تمہیں چاہیئے کہ نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اللہ تمہارے کئے سے باخبر ہے۔(13) تم نے انہیں دیکھا، جو اُن سے محبت کرتے ہیں جن پر اللہ کا غضب ہوا۔ وہ نہ تم میں سے ہیں اور نہ اُن میں سے ہیں۔ وہ جھوٹی قسم کھا جاتے ہیں اور انہیں اِس کا علم ہے۔ (14) اللہ نے اُن کے لئے شدید عذاب تیار کر رکھا ہے۔ بے شک وہ بُرا تھا جو وہ کرتے تھے۔(15) انہوں نے اپنی قسموں کو اپنی ڈھال بنا لیا۔ اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکا۔ پس اُن کے لئے ذلت کا عذاب ہے۔(16) اُن کے مال اور اولاد انہیں اللہ کے عذاب سے نہ بچاسکیں گے۔ وہی لوگ اصحاب النار ہیں جو وہاں (جہنم میں) ہمیشہ رہیں گے۔(17) جس دن اللہ انہیں مرنے کے بعد اُٹھائے گا تو وہ اللہ کے سامنے بھی قسمیں اٹھائیں گے، جیسے وہ تمہارے سامنے قسمیں اُٹھاتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ بھی کسی اچھی شے پر (اچھے راستے پر) ہیں۔ یادرکھو کہ بے شک وہی جھوٹے ہیں۔(18) اُن پر شیطان غالب آ گیا جس نے اُنہیں اللہ بھُلا دیا۔ یہی لوگ ہیں جو شیطان کے ساتھی ہیں۔ یادرکھو شیطان کا گروہ ہی خسارہ پانے والا ہے۔(19)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّ الَّذِیۡنَ یُحَآدُّوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗۤ اُولٰٓئِکَ فِی الۡاَذَلِّیۡنَ(۲۰) کَتَبَ اللّٰهُ لَاَغۡلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیۡ ط اِنَّ
اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیۡزٌ(۲۱) لَا تَجِدُ قَوۡمًا یُّؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ یُوَآدُّوۡنَ مَنۡ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَلَوۡ
کَانُوۡۤا اٰبَآءَهُمۡ اَوۡ اَبۡنَآءَهُمۡ اَوۡ اِخۡوَانَهُمۡ اَوۡ عَشِیۡرَتَهُمۡ ط اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیۡ قُلُوۡبِهِمُ الۡاِیۡمَانَ
وَاَیَّدَهُمۡ بِرُوۡحٍ مِّنۡهُ ط وَیُدۡخِلُهُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا ط رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُمۡ
وَرَضُوۡا عَنۡهُ ط اُولٰٓئِکَ حِزۡبُ اللّٰهِ ط اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰهِ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ(۲۲)

۵۹ سورة الحشر مدنی سورة ... کل آیات ۲۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ(۱) هُوَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الَّذِیۡنَ
کَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡکِتٰبِ مِنۡ دِیَارِهِمۡ لِاَوَّلِ الۡحَشۡرِ ط مَا ظَنَنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡرُجُوۡا وَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مَّانِعَتُهُمۡ
حُصُوۡنُهُمۡ مِّنَ اللّٰهِ فَاَتٰهُمُ اللّٰهُ مِنۡ حَیۡثُ لَمۡ یَحۡتَسِبُوۡا وَقَذَفَ فِیۡ قُلُوۡبِهِمُ الرُّعۡبَ یُخۡرِبُوۡنَ بُیُوۡتَهُمۡ
بِاَیۡدِیۡهِمۡ وَاَیۡدِی الۡمُؤۡمِنِیۡنَ فَاعۡتَبِرُوۡا یٰۤاُولِی الۡاَبۡصَارِ(۲) وَلَوۡلَاۤ اَنۡ کَتَبَ اللّٰهُ عَلَیۡهِمُ الۡجَلَآءَ
لَعَذَّبَهُمۡ فِی الدُّنۡیَا ط وَلَهُمۡ فِی الۡاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ(۳) ذٰلِکَ بِاَنَّهُمۡ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَمَنۡ
یُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ(۴) مَا قَطَعۡتُمۡ مِّنۡ لِّیۡنَةٍ اَوۡ تَرَکۡتُمُوۡهَا قَآئِمَةً عَلٰۤی اُصُوۡلِهَا فَبِاِذۡنِ
اللّٰهِ وَلِیُخۡزِیَ الۡفٰسِقِیۡنَ(۵) وَمَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی رَسُوۡلِهٖ مِنۡهُمۡ فَمَاۤ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَیۡهِ مِنۡ خَیۡلٍ وَّلَا
رِکَابٍ وَّلٰکِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰی مَنۡ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ(۶) مَاۤ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰی
رَسُوۡلِهٖ مِنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰی فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوۡلِ وَلِذِی الۡقُرۡبٰی وَالۡیَتٰمٰی وَالۡمَسٰکِیۡنِ وَابۡنِ السَّبِیۡلِ کَیۡ لَا
یَکُوۡنَ دُوۡلَةًۢ بَیۡنَ الۡاَغۡنِیَآءِ مِنۡکُمۡ ط وَمَاۤ اٰتٰکُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡهُ وَمَا نَهٰکُمۡ عَنۡهُ فَانۡتَهُوۡا وَاتَّقُوا اللّٰهَ
ط اِنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ(۷)



بے شک جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول کو نہیں مانتے وہی ذلیل ترین لوگ ہیں۔(20) اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرا رسول ضرور غالب رہیں گے۔ بے شک اللہ قوت والا غالب ہے۔(21) تم اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لانے والی قوم کو اللہ اور اُس کے رسول سے کفر کرنے والے سے دوستی رکھنے والے نہ پاؤ گے، اگر چہ وہ اُن کے باپ دادا ہوں یا اُن کے بیٹے ہوں یا اُن کے بھائی یا اُن کا کنبہ ہوں۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھ دیا ہے۔ اور اُن کی مدد اپنے پاس سے اپنی روح سے کی اور وہ انہیں جنت میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ اُن سے راضی ہوا اور وہ اُس سے راضی ہوئے۔ یہی اللہ کی جماعت ہے۔ جان رکھو کہ اللہ کی جماعت ہی فلاح یافتہ ہے۔(22)

## (59)......سُوۡرَةُ الۡحَشۡرِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ کی تسبیح کرتی ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔(1) وہی ہے جس نے اہلِ کتاب میں سے کُفر کرنے والوں کو اُن کے گھروں سے پہلے حملے میں نکال دیا۔ تمہیں گمان بھی نہ تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور اُن کا خیال تھا کہ انہیں اُن کے قلعے اللہ سے بچالیں گے۔ اللہ کا عذاب اُن کو ایسی جگہ سے آیا جس کا انہوں نے کبھی سوچا بھی نہ تھا۔ اور اُن کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔ وہ اپنے ہی ہاتھوں اپنے گھروں کو خراب کرنے لگے اور مومنوں کے ہاتھوں سے بھی برباد ہونے لگے۔ پس اے آنکھوں والو عبرت پکڑو۔(2) اور اگر اللہ نے اُن کے لیے جلاوطنی نہ لکھ دی ہوتی تو وہ انہیں دنیا میں ضرور عذاب دیتا اور آخرت میں اُن کے لئے آگ کا عذاب ہے۔(جہنم کا عذاب)(3) یہ اِس لئے کہ انہوں نے اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کی، اور جو بھی اللہ کی مخالفت کرتا ہے اللہ اُسے سخت سزا دیتا ہے۔(4) اور تم نے کوئی کھجور کا درخت نہیں کاٹا، نہ انہیں جڑوں سے اکھاڑا، مگر اللہ کے حکم سے، کہ اللہ نافرمانوں کو رسوا کرے۔(5) اور جو مال اللہ نے اپنے رسول کی طرف لوٹائے وہ مال ایسے نہ تھے جن پر تم نے گھوڑے یا اونٹ دوڑائے ہوں لیکن اللہ اپنے رسول کو تسلط دیتا ہے جس پر چاہتا ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔(6) جو مال اللہ نے اہل بستی سے اپنے رسول کی طرف لوٹا دیئے، وہ اللہ اور اُس کے رسول کے لئے ہیں، جس میں قرابت داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کا حصہ ہے تاکہ مال امراء میں ہی گردش نہ کرتا رہے۔ اور رسول جو دے وہ لے لو اور جس سے منع کرے منع ہو جاؤ۔ اور اللہ سے ڈرو بے شک اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔(7)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



لِلۡفُقَرَآءِ الۡمُهٰجِرِيۡنَ الَّذِيۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ وَاَمۡوَالِهِمۡ يَبۡتَغُوۡنَ فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا
وَّيَنۡصُرُوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوۡنَ(۸)وَالَّذِيۡنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَالۡاِيۡمَانَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ
يُحِبُّوۡنَ مَنۡ هَاجَرَ اِلَيۡهِمۡ وَلَا يَجِدُوۡنَ فِيۡ صُدُوۡرِهِمۡ حَاجَةً مِّمَّآ اُوۡتُوۡا وَ يُؤۡثِرُوۡنَ عَلٰٓى اَنۡفُسِهِمۡ
وَلَوۡ كَانَ بِهِمۡ خَصَاصَةٌ ط وَمَنۡ يُّوۡقَ شُحَّ نَفۡسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ(۹)وَالَّذِيۡنَ جَآءُوۡ مِنۡ
م بَعۡدِهِمۡ يَقُوۡلُوۡنَ رَبَّنَا اغۡفِرۡلَنَا وَلِاِخۡوَانِنَا الَّذِيۡنَ سَبَقُوۡنَا بِالۡاِيۡمَانِ وَ لَا تَجۡعَلۡ فِيۡ قُلُوۡبِنَا غِلًّا
لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ(۱۰)اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ نَافَقُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ لِاِخۡوَانِهِمُ الَّذِيۡنَ
كَفَرُوۡا مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ لَئِنۡ اُخۡرِجۡتُمۡ لَنَخۡرُجَنَّ مَعَكُمۡ وَلَا نُطِيۡعُ فِيۡكُمۡ اَحَدًا اَبَدًا وَّاِنۡ قُوۡتِلۡتُمۡ
لَنَنۡصُرَنَّكُمۡ ط وَاللّٰهُ يَشۡهَدُ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ(۱۱)لَئِنۡ اُخۡرِجُوۡا لَا يَخۡرُجُوۡنَ مَعَهُمۡ وَلَئِنۡ قُوۡتِلُوۡا لَا
يَنۡصُرُوۡنَهُمۡ وَلَئِنۡ نَّصَرُوۡهُمۡ لَيُوَلُّنَّ الۡاَدۡبَارَ.ثُمَّ لَا يُنۡصَرُوۡنَ(۱۲)لَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ رَهۡبَةً فِيۡ صُدُوۡرِهِمۡ
مِّنَ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا يَفۡقَهُوۡنَ(۱۳)لَا يُقَاتِلُوۡنَكُمۡ جَمِيۡعًا اِلَّا فِيۡ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ اَوۡ مِنۡ
وَّرَآءِ جُدُرٍ ط بَاۡسُهُمۡ بَيۡنَهُمۡ شَدِيۡدٌ ط تَحۡسَبُهُمۡ جَمِيۡعًا وَّ قُلُوۡبُهُمۡ شَتّٰى ط ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ قَوۡمٌ لَّا
يَعۡقِلُوۡنَ (۱۴) كَمَثَلِ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ قَرِيۡبًا ذَاقُوۡا وَبَالَ اَمۡرِهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ(۱۵) كَمَثَلِ
الشَّيۡطٰنِ اِذۡ قَالَ لِلۡاِنۡسَانِ اكۡفُرۡ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيۡ بَرِيۡٓءٌ مِّنۡكَ اِنِّيۡٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الۡعٰلَمِيۡنَ
(۱۶)فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ خَالِدَيۡنِ فِيۡهَا ط وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيۡنَ(۱۷)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ
اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلۡتَنۡظُرۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ لِغَدٍ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ(۱۸)



یہ مال اُن غریب مہاجروں کے لئے ہے جنہیں اُن کے گھروں سے نکال دیا گیا اور اُن کی جائیدادوں پر قبضہ کرلیا گیا
اور جو اللہ کا فضل اور اُس کی خوشنودی تلاش کرنے میں لگے ہوئے ہیں اور وہ اللہ اور اُس کے رسول کی مدد کرتے ہیں۔
یہی لوگ سچے ہیں۔(8) یہ مال اُنکے لئے بھی ہے جو ہجرت سے قبل ایمان کے حصار میں تھے اور اپنی طرف ہجرت
کرنے والوں سے محبت کرتے تھے۔ اور اُن کے دلوں میں کوئی حاجت نہیں جس کے وہ طلبگار ہوں۔ وہ دوسروں کو
اپنے اوپر ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ خود حاجت مند ہوں۔ اور جو نفس کے لالچ سے بچا لئے گئے تو وہی فلاح پانے والے
ہیں۔(9) اور یہ مال اُن کے لئے بھی ہے جو اُن کے بعد آئیں گے اور کہیں گے اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور
ہمارے ساتھیوں کو بخش دے جو ایمان میں ہم سے فضیلت لے گئے اور مومنوں کے خلاف ہمارے دل میں کوئی بغض نہ
رہنے دے۔ اے ہمارے رب اِس میں کوئی شک نہیں کہ تو شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔(10) تم نے
منافقوں کو دیکھا، جو اہل کتاب میں سے کفر کرنے والے اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں، اگر تم نکالے گئے تو ہم بھی
تمارے ساتھ نکلیں گے۔ تمہارے خلاف فیصلہ ہوا، تو ہم اُس کی مخالفت کریں گے، تم سے لڑائی کی گئی، تو ہم
ضرور تمہاری مدد کریں گے۔ اللہ گواہ ہے کہ وہ جھوٹے ہیں۔(11) اگر وہ جلاوطن کئے گئے تو وہ اُن کے ساتھ ہرگز ہرگز
نہیں نکلیں گے۔ اور اگر اُن سے لڑائی کی گئی تو وہ اُن کی ہرگز مدد نہیں کریں گے۔ اور اگر انہوں نے اُن کی مدد کی تو وہ
پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے۔ پھر اُن کی مدد نہیں کی جائے گی۔(12) اُن کے دلوں میں تمہارا ڈر اللہ سے زیادہ ہے
، یہ اِس لئے کہ وہ ایسی قوم ہے جو سمجھتی نہیں۔(13) وہ سب مل کر بھی تم سے نہ لڑیں گے مگر اپنی بستی میں قلعہ بند ہو کر یا
دیوار کی اوٹ سے۔ اُن کی آپس میں سخت لڑائی (دشمنی ہے) تم انہیں اکٹھا سمجھتے ہو، لیکن اُن کے دل الگ الگ ہیں۔
یہ اِس لئے کہ وہ بے عقل قوم ہے۔(14) اُن کی مثال اُن سے کچھ ہی پہلے گزری ہوئی قوم جیسی ہے جس نے اپنے کئے
کا وبال پالیا اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔(15) جیسے شیطان جب اُس نے انسان سے کہا، کُفر اختیار کر۔
جب اُس نے کفر کر دیا (ماننے سے انکار کر دیا) تو اُس نے کہا، میں تم سے بری الذمہ ہوں۔ میں اللہ رب العالمین سے
ڈرتا ہوں۔(16) پس اُن دونوں کا انجام یہ ہے کہ وہ دونوں آگ میں ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اور یہ
ظالموں کا بدلہ ہے۔(17) اے ایمان لانے والو اللہ سے ڈرو۔ اور تمہیں چاہیئے کہ اپنی طرف دیکھو کہ اپنے کل کے
لئے تم نے آگے کیا بھیجا۔ اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔(18)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ فَاَنْسٰهُمْ اَنْفُسَهُمْ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ(۱۹)لَايَسْتَوِیْٓ
اَصْحٰبُ النَّارِوَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ(۲۰)لَوْاَنْزَلْنَاهٰذَاالْقُرْاٰنَ عَلٰى
جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ(۲۱)هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ(۲۲)هُوَ
اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ(۲۳)هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ
لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ(۲۴)

**٦٠ سورة الممتحنة مدنی سورة ... كل آيات.١٣**

**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَ عَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَ قَدْ كَفَرُوْا بِمَا
جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ط اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ
جِهَادًا فِیْ سَبِيْلِیْ وَابْتِغَآءَ مَرْضَاتِیْ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ
ط وَمَنْ يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ(۱)اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ
اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ(۲)لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
يَفْصِلُ بَيْنَكُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَاتَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ(۳)قَدْكَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِیْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اِذْ
قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ
الْعَدَاوَةُ وَ الْبَغْضَآءُ اَبَدًاحَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ
اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ط رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ(۴)



اور اُن جیسے نہ ہو جانا جنھوں نے اللہ کو بُھلا دیا تو اللہ نے انہیں اپنے آپ سے بُھلا دیا۔یہی لوگ نافرمان ہیں۔(19) جنتی
اور جہنمی ایک برابر نہیں۔جنتی ہی کامیاب لوگ ہیں۔(20) اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر اتارتے تو تم دیکھتے کہ وہ اللہ کے
خوف سے دب کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتا۔ یہ مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں تاکہ وہ غور کریں۔(21) وہ اللہ ہے
جس کے سوا کوئی معبود نہیں، باطن وظاہر کا جاننے والا بڑا مہربان رحم کرنے والا۔(22) وہ اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں جو
بادشاہ ہے، تقدیس والا، سلامتی والا، امان دینے والا، نگہبان، غالب، (جبار) زور والا، بڑائی والا۔ وہ اُس سے مبرا ہے
جس کو وہ اُس کا شریک بناتے ہیں۔(23) وہ اللہ خالق ہے وجود بخشنے والا، جان ڈالنے والا، صورت گر، اُس کے سبھی نام
خوبصورت ہیں۔آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اُس کی تسبیح کرتا ہے۔اور وہ غالب حکمت والا ہے۔(24)

**(60)......سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةَ**

**شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔**

اے مومنو! میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ۔تم انہیں محبت کا پیغام بھیجتے ہو اور حق کی طرف سے جو تمہارے پاس آیا
وہ اُس سے منکر ہو چکے ہیں۔ وہ رسول اور تمہیں اِس لئے جلاوطن کرتے ہیں کہ تم اپنے رب پر ایمان لائے ہو۔اور یہ کہ تم
میرے راستے میں جہاد کے لئے نکلتے ہو اور میری رضا جوئی کرتے ہو۔تم انہیں محبت بھرے خفیہ پیغام بھیجتے ہو۔اور میں
جانتا ہوں جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو۔اور تم میں سے جس نے ایسا کیا تو تحقیق اُس نے سیدھا راستہ کھو دیا۔(1)
اگر وہ تم پر حاوی ہوں تو وہ تمہارے دشمن ہوں اور تم پر اپنے کھلے ہاتھ چلائیں (بے دریغ تم پر اپنی تلواریں چلائیں) اور بد
زبانیں تمہارے خلاف کھول دیں اور وہ چاہتے ہیں کہ تم کسی طرح کافر ہو جاؤ۔(2) قیامت کے دن نہ تمہارے حقیقی رشتہ
دار (ماں جائے) اور نہ تمہاری اولادیں تمہیں کچھ فائدہ دیں گی۔ وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور تم جو کرتے ہو اللہ
دیکھتا ہے۔(3) بلاشُبہ تمہارے لئے ابراہیم اور اُن کے ساتھیوں میں اسوہ حسنہ ہے۔(بہترین نمونہ ہے) جب انہوں نے
اپنی قوم سے کہا، بے شک ہم بری الذمہ ہیں تم سے اور اُن سے جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر معبود بناتے ہو۔اور ہم انکار کرتے
ہیں اِس سے جسے تم مانتے ہو۔اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض کا دروازہ کُھل گیا ہے جب
تک کہ تم اللہ واحد پر ایمان نہ لاؤ۔اللہ نے مجھے اپنے والد کے لیے استغفار مانگنے کے سوا کوئی اختیار نہیں دیا۔اے ہمارے
رب ہم تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں اور تیری طرف ہی رجوع کرتے ہیں۔اور تیری طرف ہی ہمیں لوٹنا ہے۔(4)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْلَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ(۵)لَقَدْ كَانَ لَكُمْ
فِيْهِمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ ط وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ
الْحَمِيْدُ(۶)عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ط وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ط وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۷)لَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ
اَنْ تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ(۸)اِنَّمَا يَنْهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ
قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ(۹)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ط
اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ط لَا هُنَّ حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا
هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ط وَاٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ط وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ ط وَلَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْئَلُوْا مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْئَلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ط ذٰلِكُمْ
حُكْمُ اللّٰهِ ط يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ(۱۰)وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى
الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ط وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ
مُؤْمِنُوْنَ(۱۱)يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا
يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا
يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ(۱۲)



اے ہمارے رب ہمیں اُن لوگوں کے لئے آزمائش (فتنہ) نہ بنا جنہوں نے کفر کیا اور اے ہمارے رب ہم سے درگزر
فرما۔ بے شک تو غالب حکمت والا ہے۔(5) تحقیق تمہارے لئے اِن لوگوں میں بہترین نمونہ ہے۔ جو بھی چاہے اللہ اور
آخرت کے دن سے امیدوار بن جائے۔ اور جو پلٹ گیا تو بے شک اللہ بے نیاز لائق حمد وثناء ہے۔(6) دور نہیں کہ اللہ
تمہارے اور تمہارے دشمنوں کے درمیان محبت پیدا کر دے اور اللہ اِس بات پر قدرت رکھتا ہے اور اللہ مغفرت کرنے
والا مہربان ہے۔(7) جن لوگوں نے نہ تمہیں قتل کیا اور نہ تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا، اُن کے ساتھ اچھا سلوک
کرنے اور انصاف کے ساتھ پیش آنے سے اللہ تمہیں نہیں روکتا۔ بے شک اللہ منصفوں کو پسند کرتا ہے۔(8) بے شک وہ
تمہیں اُن لوگوں سے دوستی کرنے سے منع کرتا ہے جنہوں نے تمہیں قتل کیا۔ (تم سے لڑائی کی) دین کے معاملے میں اور
تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہیں نکالنے میں دشمنوں کی مدد کی۔ اور اُن سے دوستی کرنے والے ظالم ہیں۔(9)
اے مومنو!۔ جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو اُن عورتوں کو خوب جانچ لو۔ اللہ اُن کے ایمان کو
جانتا ہے۔ پھر جب تمہیں معلوم ہو جائے کہ وہ مومنات ہیں تو انہیں واپس کافروں کی طرف نہ بھیجو۔ نہ وہ مومنات
کافروں کے لئے اور نہ وہ کافر مومنات کے لئے حلال ہیں۔ اُن کافروں نے اُن عورتوں پر جو خرچ کئے ہوں وہ خرچ تم
انہیں لوٹا دو۔ اور تم پر اُن عورتوں سے اُن کے حق مہر ادا کر کے اپنے نکاح میں لانے پر کوئی گناہ نہیں۔ اور تم بھی کافر
بیویوں کو اُن کے خرچ مانگ کر کافروں کو واپس کر دو۔ اسی طرح کافروں کو بھی چاہیئے کہ وہ مومن عورتوں سے اُن کے خرچ
مانگ لیں۔ یہ اللہ کا حکم ہے۔ وہ تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہے اور اللہ جاننے والا حکمت والا ہے۔(10) پھر اگر تمہاری
کوئی بیوی کُافر کی طرف چلی جائے۔ تو اُن کی جو بیویاں تمہارے پاس آئی ہوں، کے بدلے میں جو تم نے خرچ کیا ہو
برابر کر لو۔ پس تم اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔(11) اے نبی جب مومن عورتیں تمہارے پاس اِس حالت میں
آئیں کہ وہ اللہ سے شرک نہ کرتی ہوں اور اقرار کریں کہ نہ چوری کریں گی، نہ زنا کاری کریں گی، نہ اپنی اولاد کو قتل کریں
گی، نہ بہتان باندھیں گی، اپنے ہاتھ پاؤں کی کوشش سے، اور نہ آپ کی نافرمانی کریں گی۔ تو آپ اُن سے بیعت
کرلیں اور اُن کے لئے مغفرت مانگیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا معاف کرنے والا ہے۔(12)

WELCOME TO QURANKIPUKAR·COM



يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَوَلَّوۡا قَوۡمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ قَدۡ يَئِسُوۡا مِنَ الۡاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الۡكُفَّارُ مِنۡ
اَصۡحٰبِ الۡقُبُوۡرِ(۱۳)

## ۶۱ سورة الصف مدنى سورة ... كل آيات. ۱۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ(۱)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لِمَ
تَقُوۡلُوۡنَ مَالَا تَفۡعَلُوۡنَ(۲) كَبُرَ مَقۡتًا عِنۡدَ اللّٰهِ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا مَا لَا تَفۡعَلُوۡنَ(۳)اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيۡنَ
يُقَاتِلُوۡنَ فِىۡ سَبِيۡلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمۡ بُنۡيَانٌ مَّرۡصُوۡصٌ(۴)وَاِذۡ قَالَ مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ يٰقَوۡمِ لِمَ تُؤۡذُوۡنَنِىۡ
وَقَدۡ تَّعۡلَمُوۡنَ اَنِّىۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ اِلَيۡكُمۡ ط فَلَمَّا زَاغُوۡۤا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوۡبَهُمۡ ط وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى
الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ(۵)وَاِذۡ قَالَ عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ اِنِّىۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ اِلَيۡكُمۡ مُّصَدِّقًا
لِّمَا بَيۡنَ يَدَىَّ مِنَ التَّوۡرٰٮةِ وَمُبَشِّرًام بِرَسُوۡلٍ يَّاۡتِىۡ مِنۡ م بَعۡدِى اسۡمُهٗۤ اَحۡمَدُ ط فَلَمَّا جَآءَهُمۡ
بِالۡبَيِّنٰتِ قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ(۶)وَمَنۡ اَظۡلَمُ مِمَّنِ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الۡكَذِبَ وَهُوَ يُدۡعٰۤى اِلَى
الۡاِسۡلَامِ ط وَاللّٰهُ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الظّٰلِمِيۡنَ(۷)يُرِيۡدُوۡنَ لِيُطۡفِـُٔوۡا نُوۡرَ اللّٰهِ بِاَفۡوَاهِهِمۡ. وَاللّٰهُ
مُتِمُّ نُوۡرِهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡكٰفِرُوۡنَ(۸)هُوَ الَّذِىۡۤ اَرۡسَلَ رَسُوۡلَهٗ بِالۡهُدٰى وَدِيۡنِ الۡحَقِّ لِيُظۡهِرَهٗ عَلَى
الدِّيۡنِ كُلِّهٖ وَلَوۡ كَرِهَ الۡمُشۡرِكُوۡنَ(۹)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هَلۡ اَدُلُّكُمۡ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنۡجِيۡكُمۡ مِّنۡ
عَذَابٍ اَلِيۡمٍ(۱۰)تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتُجَاهِدُوۡنَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ بِاَمۡوَالِكُمۡ وَاَنۡفُسِكُمۡ ط
ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ(۱۱)يَغۡفِرۡ لَكُمۡ ذُنُوۡبَكُمۡ وَيُدۡخِلۡكُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ
تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِىۡ جَنّٰتِ عَدۡنٍ ط ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ(۱۲)وَاُخۡرٰى تُحِبُّوۡنَهَا
ط نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ فَتۡحٌ قَرِيۡبٌ ط وَبَشِّرِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ(۱۳)



اے ایمان لانے والو! اُن سے دوستی نہ کرو جو اللہ کے مغضوب ہوئے۔ تحقیق وہ آخرت سے اِس طرح بے امید تھے جیسے قبروں میں پڑے ہوئے کافر۔(13)

## (61)......سُوۡرَةُ الصَّف

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آسمانوں اور زمین کے ہر شے اللہ کی حمد و ثنا کرتی ہے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔(1) اے ایمان والو وہ بات کیوں کہتے ہو جس پر تم خود بھی عمل نہیں کرتے۔(2) اللہ کو سخت ناپسند ہے وہ بات کہنا جو تم خود بھی نہیں کرتے۔(3) بے شک اللہ اُن سے محبت کرتا ہے جو صف باندھ کر اللہ کے راستے میں لڑتے ہیں جیسے ایک سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہوتی ہے۔(4) اور جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا، اے میری قوم کے لوگو، تم مجھے تکلیف کیوں پہنچاتے ہو جب کہ تمیں معلوم ہو چکا ہے کہ میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں۔ پھر جب وہ راہ سے بے راہ ہوئے تو اللہ نے اُن کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا۔ اور اللہ نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(5) اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا، اے بنی اسرائیل میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں میں تصدیق کرتا ہوں جو تمہارے پاس تورات میں موجود ہے اور اپنے بعد ایک رسول کے آنے کی خوشخبری دیتا ہوں جس کا نام احمد ہوگا۔ پھر جب وہ روشن نشانیاں لے کر آ گیا تو انہوں نے کہا یہ تو کھلا جادو ہے۔(6) اُس سے بڑا ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا۔ اور اُسے اسلام کی طرف بلایا جاتا ہے۔ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔(7) وہ پھونکوں سے اللہ کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں۔ اور اللہ اپنا نور تمام کرنے والا ہے، اگرچہ کافروں کو بُرا لگے۔(8) وہی ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا، تاکہ وہ اِس دین کو تمام دین پر ظاہر (منطبق، حاوی) کر دے، چاہے مشرکوں کو بُرا لگے۔(9) اے مومنو! کیا میں تمہیں ایسی تجارت بتاؤں جو تمہیں دردناک عذاب سے نجات دے۔(10) وہ یہ کہ تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اللہ کی راہ میں مال اور جان سے جہاد کرو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تمہیں معلوم ہو۔(11) وہ تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور تمہیں جنت میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور ہمیشہ کے باغوں میں پاک رہائش گاہوں میں۔ یہ بڑی کامیابی ہے۔(12) اور دوسرا یہ کہ تم اُسے پسند کرتے ہو، یعنی اللہ کی مدد ہو تو فتح قریب ہے۔ اور مومنوں کو خوشخبری دے دو۔(13)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ط قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ م بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَ كَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ(١٤)

٦٢ سورة الجمعة مدنى سورة ... كل آيات ١١

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ(١)هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ(٢)وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا بِهِمْ ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ(٣)ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ(٤)مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا ط بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ(٥)قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ(٦)وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًام بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ م بِالظّٰلِمِيْنَ(٧)قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِىْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ(٨)يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ط ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ(٩) فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ(١٠)وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا ط قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ ط وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ(١١)



اے ایمان لانے والو، اللہ کے مددگار بن جاؤ جس طرح عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا تھا کہ اللہ کے لیے میرا کون مددگار ہے۔ حواریوں نے کہا، ہم اللہ کے مددگار ہیں۔ تو بنی اسرائیل کا ایک گروہ ایمان لے آیا اور دوسرے گروہ نے انکار کیا پس ہم نے ایمان لانے والوں کی اُن کے دشمنوں کے خلاف مدد کی تو وہ چھا گئے (غالب آ گئے)۔(14)

**(62)......سُوْرَةُ الْجُمُعَة**

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

آسمانوں اور زمین کی ہر شے اللہ کی حمد و ثنا کرتی ہے۔ وہ بادشاہ ہے، پاک ہے، غالب ہے، حکمت والا ہے۔(1) وہی ہے جس نے ان پڑھوں میں سے ایک رسول اٹھایا جو اُن پر اللہ کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب وحکمت سکھاتا ہے۔ اور یہ کہ اِس سے پہلے وہ کھلی گمراہی میں تھے۔(2) اور اگلوں کو بھی جو ابھی اُن سے نہیں ملے۔ اور وہ غالب حکمت والا ہے۔(3) یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔(4) اُن کی مثال اُن لوگوں جیسی ہے جن پر تورات لادی گئی پھر انہوں نے اِسے نہ اُٹھایا۔ اُن کی مثال ایسے گدھے جیسی ہے جس نے کتابوں کا بوجھ اٹھایا۔ اُن کی مثال بُری قوم جیسی ہے جس نے اللہ کی آیتوں کو جھٹلایا اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔(5) آپ کہو، اے یہودیو! کیا تمہیں زعم ہے کہ تم دوسروں سے زیادہ اللہ کے (اولیا) دوست ہو۔ اگر تم سچے ہو تو بھلا موت کی تمنا کرو۔(6) وہ کبھی بھی موت کی خواہش نہ کریں گے کیونکہ انہوں نے اپنے ہاتھوں سے کچھ آخرت کے لئے آگے نہیں بھیجا۔ اور اللہ ظالموں کو جانتا ہے۔(7) آپ کہو، جس موت سے تم بھاگتے ہو وہ تم سے ملاقات کرنے والی ہے۔ پھر تمہیں غیب اور ظاہر (شہادہ) کے جاننے والے کی طرف لوٹایا جائے گا۔ وہ تمہیں جتلا دے گا جو تم کرتے تھے۔(8) اے مومنوں! جب تمہیں جمعہ کی نماز کے لئے پکارا جائے، تو اللہ کے ذکر کے لئے جلدی سے آؤ اور فروخت چھوڑ دو۔ یہ تمہارے لئے بہتر ہے اگر تمہیں علم ہو۔(9) پھر جب نماز جمعہ اختتام پذیر ہو جائے تو زمین میں پھیل جاؤ اور اللہ کا رزق تلاش کرو اور اللہ کا کثرت سے ذکر کرو تا کہ تم فلاح پا جاؤ۔(10) اور جب انہیں تجارت یا کھیل تماشا دیکھائی دیتا ہے تو آپ کو چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔ آپ کہو، اللہ کے پاس جو ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے بہتر ہے۔ اور اللہ بہتر رزق دینے والا ہے۔(11)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## ٦٣ سورة المنفقون مدنی سورة ... کل آیات. ١١

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِذَا جَآءَكَ الۡمُنٰفِقُوۡنَ قَالُوۡا نَشۡهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوۡلُ اللّٰهِ م وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوۡلُهٗ ط وَاللّٰهُ
يَشۡهَدُ اِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ لَكٰذِبُوۡنَ(١)اِتَّخَذُوۡۤا اَيۡمَانَهُمۡ جُنَّةً فَصَدُّوۡا عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ط اِنَّهُمۡ سَآءَ
مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ(٢)ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ اٰمَنُوۡا ثُمَّ كَفَرُوۡا فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوۡبِهِمۡ فَهُمۡ لَا
يَفۡقَهُوۡنَ(٣)وَاِذَا رَاَيۡتَهُمۡ تُعۡجِبُكَ اَجۡسَامُهُمۡ ط وَاِنۡ يَّقُوۡلُوۡا تَسۡمَعۡ لِقَوۡلِهِمۡ ط كَاَنَّهُمۡ
خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ط يَحۡسَبُوۡنَ كُلَّ صَيۡحَةٍ عَلَيۡهِمۡ ط هُمُ الۡعَدُوُّ فَاحۡذَرۡهُمۡ ط قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ اَنّٰى
يُؤۡفَكُوۡنَ(٤)وَاِذَا قِيۡلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡا يَسۡتَغۡفِرۡ لَكُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ لَوَّوۡا رُءُوۡسَهُمۡ وَرَاَيۡتَهُمۡ يَصُدُّوۡنَ
وَهُمۡ مُّسۡتَكۡبِرُوۡنَ(٥)سَوَآءٌ عَلَيۡهِمۡ اَسۡتَغۡفَرۡتَ لَهُمۡ اَمۡ لَمۡ تَسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ ط لَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَهُمۡ ط
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهۡدِى الۡقَوۡمَ الۡفٰسِقِيۡنَ(٦)هُمُ الَّذِيۡنَ يَقُوۡلُوۡنَ لَا تُنۡفِقُوۡا عَلٰى مَنۡ عِنۡدَ رَسُوۡلِ اللّٰهِ
حَتّٰى يَنۡفَضُّوۡا ط وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَلٰكِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ لَا يَفۡقَهُوۡنَ(٧)يَقُوۡلُوۡنَ
لَئِنۡ رَّجَعۡنَاۤ اِلَى الۡمَدِيۡنَةِ لَيُخۡرِجَنَّ الۡاَعَزُّ مِنۡهَا الۡاَذَلَّ ط وَلِلّٰهِ الۡعِزَّةُ وَلِرَسُوۡلِهٖ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ
وَلٰكِنَّ الۡمُنٰفِقِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ(٨)يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُلۡهِكُمۡ اَمۡوَالُكُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُكُمۡ عَنۡ
ذِكۡرِ اللّٰهِ وَمَنۡ يَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ(٩)وَاَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا رَزَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ
يَّاۡتِىَ اَحَدَكُمُ الۡمَوۡتُ فَيَقُوۡلَ رَبِّ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنِىۡۤ اِلٰۤى اَجَلٍ قَرِيۡبٍ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنۡ مِّنَ
الصّٰلِحِيۡنَ(١٠)وَلَنۡ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفۡسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ط وَاللّٰهُ خَبِيۡرٌ م بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ(١١)



## سورة المنافقون

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

جب منافق آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ ضرور اللہ کے رسول ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ آپ ضرور اُس کے رسول ہیں۔ اور اللہ شہادت دیتا ہے کہ بے شک منافق ضرور جھوٹے ہیں۔(1) انہوں نے اپنی قسموں کو اپنی ڈھال بنا لیا ہے۔ اور وہ لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں۔ بے شک وہ بُرا ہے جو وہ کرتے ہیں۔(2) یہ اس لئے کہ وہ ایمان لائے اور ایمان لانے کے بعد کُفر کر دیا۔ پس اُن کے دلوں پر مہر ثبت کر دی گئی۔ پس وہ نہیں سمجھتے۔(3) دیکھو تو اُن کے جسم تمہیں بھلے لگیں۔ بولیں تو تم سنتے رہ جاوٗ۔ تو وہ ایسے ہیں جیسے دیوار کے ساتھ لگائی گئی لکڑیاں۔ وہ ہر بلند آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں۔ وہ دشمن ہیں۔ پس آپ اُن سے بچیں اللہ انہیں غارت کرے۔ وہ کہاں پلٹے جاتے ہیں۔(4) اور جب انہیں کہا جاتا ہے، آوٗ اللہ کا رسول تمہارے لئے بخشش کی دعا کرے، تو وہ اپنے سروں کو پھیر لیتے ہیں۔ اور تم دیکھتے ہو کہ وہ مُنہ پھیرنے اور تکبر کرنے والے ہیں۔(5) آپ اُن کے لئے بخشش مانگیں یا نہ مانگیں اُنہیں فرق نہیں پڑتا۔ اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔ بے شک اللہ نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(6) یہی لوگ کہتے ہیں کہ جو اللہ کے رسول کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرو جب تک وہ بکھر نہ جائیں۔ اور آسمانوں اور زمین کے خزانے اللہ ہی کے ہیں۔ مگر منافقین نہیں سمجھتے۔(7) وہ کہتے ہیں اگر ہم مدینہ چلے گئے تو وہاں کے معزز کمتر کو ضرور نکال دیں گے۔ اور عزت اللہ، اُس کے رسول اور مومنوں کے لئے مخصوص ہے۔ لیکن منافقین نہیں جانتے۔(8) اے مومنو! تمہیں تمہارے مال اور اولاد اللہ کے ذکر سے غافل نہ کر دیں۔ پس جو اللہ کو بھول گیا تو وہی خسارہ پانے والوں میں ہوگا۔(9) اور اِس سے پہلے کہ تم میں سے کسی کو موت آجائے ہمارے دئے ہوئے رزق میں سے خرچ کرلو۔ ایسا نہ ہو کہ وہ کہے مجھے تھوڑی اور مہلت کیوں نہ دی کہ میں صدقہ کرتا اور صالح لوگوں میں شامل ہوجاتا۔(10) اور اللہ کسی شخص کو ہرگز مہلت نہ دے گا جب اُس کی موت آگئی۔ اور اللہ تمہارے کرتوت جانتا ہے۔(11)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



## ۶۴ سورۃ التغابن . مدنی سورۃ ... کل آیات.۱۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ لَهُ الۡمُلۡكُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ
قَدِيۡرٌ(۱)هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَكُمۡ فَمِنۡكُمۡ كَافِرٌ وَّمِنۡكُمۡ مُّؤۡمِنٌ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ(۲)خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ وَصَوَّرَكُمۡ فَاَحۡسَنَ صُوَرَكُمۡ وَاِلَيۡهِ الۡمَصِيۡرُ(۳)يَعۡلَمُ مَا فِى
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَيَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ ط وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ(۴)اَلَمۡ
يَاۡتِكُمۡ نَبَؤُا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ قَبۡلُ فَذَاقُوۡا وَبَالَ اَمۡرِهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ اَلِيۡمٌ(۵)ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ
كَانَتۡ تَّاۡتِيۡهِمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَقَالُوۡۤا اَبَشَرٌ يَّهۡدُوۡنَنَا فَكَفَرُوۡا وَتَوَلَّوۡا وَّاسۡتَغۡنَى اللّٰهُ ط وَاللّٰهُ
غَنِىٌّ حَمِيۡدٌ(۶)زَعَمَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنۡ لَّنۡ يُّبۡعَثُوۡا ط قُلۡ بَلٰى وَرَبِّىۡ لَتُبۡعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا
عَمِلۡتُمۡ ط وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ(۷)فَاٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَالنُّوۡرِ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلۡنَا ط وَاللّٰهُ بِمَا
تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرٌ(۸)يَوۡمَ يَجۡمَعُكُمۡ لِيَوۡمِ الۡجَمۡعِ ذٰلِكَ يَوۡمُ التَّغَابُنِ ط وَمَنۡ يُّؤۡمِنۡ م بِاللّٰهِ
وَيَعۡمَلۡ صَالِحًا يُّكَفِّرۡ عَنۡهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَاۤ اَبَدًا
ط ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ(۹)وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَكَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيۡنَ
فِيۡهَا ط وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ(۱۰)مَاۤ اَصَابَ مِنۡ مُّصِيۡبَةٍ اِلَّا بِاِذۡنِ اللّٰهِ ط وَمَنۡ يُّؤۡمِنۡ م بِاللّٰهِ يَهۡدِ
قَلۡبَهٗ ط وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ(۱۱)وَاَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ فَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ فَاِنَّمَا عَلٰى
رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِيۡنُ(۱۲)اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ(۱۳)يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ مِنۡ اَزۡوَاجِكُمۡ وَاَوۡلَادِكُمۡ عَدُوًّا لَّكُمۡ فَاحۡذَرُوۡهُمۡ وَاِنۡ تَعۡفُوۡا وَتَصۡفَحُوۡا
وَتَغۡفِرُوۡا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ(۱۴)



## (64)......سُوۡرَۃُ اَلتَّغَابُن

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اورنہایت رحم کرنے والا ہے۔

آسمانوں اورزمین کی ہر شے اللہ کی حمدوثنا کرتی ہے۔اُسی کے لئے بادشاہی ہےاوراُسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اوروہ ہر
شے پر قادر ہے۔(1) وہی ہے جس نے تمہیں پیدا کیا تم میں کوئی کافر ہےاورکوئی مومن ہےاورتم جو کرتے ہووہ دیکھنے والا
ہے۔(2) اُس نے آسمانوں اورزمین کی برحق تخلیق کی اورتمہاری صورتیں بنائیں اور بہت خوب صورتیں بنائیں اوراُسی کی
طرف تمہیں لوٹنا ہے۔(3) آسمانوں اورزمین میں جو کچھ ہے وہ جانتا ہے۔تم جو چھپاتے ہواور جوظاہر کرتے ہووہ جانتا
ہے۔اوراللہ دلوں کے حال جانتا ہے۔(4) کیا تمہارے پاس تم سے قبل اُن لوگوں کی خبر نہیں آئی جو کافر ہوئے تو انہوں
نے اپنے کام کا وبال پالیا۔اوراُن کے لئے دردناک عذاب ہے۔(5) یہ اِس لئے کہ اُن کے پاس اللہ کے رسول روشن
نشانیاں لے کرآئے تو انہوں نے کہا کیا ایک بشر ہمیں ہدایت دے گا؟ پس انہوں نے انکار کیا اور مُنہ موڑا۔اوراللہ نے
بے پروائی کی۔اوراللہ بے پرواتعریف کے لائق ہے۔(6) کافروں کوزُعم تھا کہ وہ مرنے کے بعد ہرگز نہ اٹھائے جائیں
گے۔آپ کہو،ہاں اورمیرے رب کی قسم تم ضروراُٹھائے جاؤگے پھر تم ضرور جتلائے جاؤگے جو تم کرتے تھےاور یہ اللہ کے
لئے آسان ہے۔(7) پس تم اللہ اوراُس کے رسول پر ایمان لاؤاوراُس نور پر ایمان لاؤ جو ہم نے تم پر اُتارا۔اورتم جو کرتے
ہو،اُسے خبر ہے۔(8) جمع ہونے کے دن وہ انہیں جمع کرے گا اور یہ ہار جیت کا دن ہے(یوم التغابُن)اور جو اللہ پر ایمان
لائے اور صالح کام کرے وہ اُس سے اُس کے گناہ دور کردے گا اوراُسے جنت میں داخل کرے گا جس کے نیچے نہریں
بہتی ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔(9) اورجن لوگوں نے کُفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھُٹلایا تو
یہی لوگ ہیں جو آگ والے ہیں (دوزخی ہیں) جس میں وہ ہمیشہ رہیں گےاوروہ بُرا ٹھکانہ ہے۔(10) اللہ کے حُکم کے
بغیر کوئی مصیبت نہیں آتی اور جو اللہ پر ایمان لایا اللہ اُس کے دل کو ہدایت دیتا ہے۔اوراللہ ہر شے جاننے والا ہے۔(11)
اوراللہ اوراُس کے رسول کی اطاعت کرو۔اوراگر تم پلٹ جاؤ تو تمہارے رسول پر صرف کھول کر پہنچا دینا فرض ہے۔(12)
اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اورمومن صرف اللہ پر بھروسہ کرتا ہے۔(13) مومنو! بے شک تمہاری کچھ بیویاں اور کچھ اولاد
تمہاری دشمن ہے۔پس اُن سے بچو۔اورمعاف کردواوردرگذر کرواور بخش دو۔بے شک اللہ غفوراوررحیم ہے۔(14)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ط وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ(۱۵)فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ
وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ط وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ(۱۶)اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ. وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ
حَلِيْمٌ(۱۷)عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (۱۸)

## ۶۵سورة الطلاق مدنى سورة ... كل آيات.۱۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِىُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ لَا
تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ م بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ط وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ط
وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ط لَا تَدْرِىْ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا(۱)فَاِذَا
بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْفَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَىْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ
وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ط ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ط وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ
يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا(۲)وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط
اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْجَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىْءٍ قَدْرًا(۳)وَالّٰٓـِٔىْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ
نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـِٔىْ لَمْ يَحِضْنَ ط وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ
يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ط وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا(۴)ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗ اِلَيْكُمْ ط وَمَنْ
يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُعْظِمْ لَهٗٓ اَجْرًا(۵)اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا
تُضَآرُّوْهُنَّ لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ط وَاِنْ كُنَّ اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَاِنْ
اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ بِمَعْرُوْفٍ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ فَسَتُرْضِعُ لَهٗٓ اُخْرٰى(۶)



بے شک تمہارا مال اور تمہاری اولاد ایک فتنہ ہے۔( آزمائش ہے )اور اللہ کے پاس بڑا اجر ہے۔(15) حتی المقدور اللہ سے ڈرو! سنو اور مانو اور خرچو! کہ انفاق تمہاری اپنی ذات کے لئے بہتر ہے۔اور جو اپنے نفس کی بخیلی سے بچالیا گیا تو وہی فلاح پانے والا ہے۔(16) اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ دوگنا کر کے لوٹا دے گا اور تمہیں بخش دے گا۔اور اللہ شکورو برُدبار ہے۔(17) وہ پوشیدہ اور ظاہر ( غیب اور شہادہ ) کا جاننے والا ہے۔وہ غالب حکمت والا ہے۔(18)

## (65)......سُوْرَۃُ اَلطَّلَاق

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔

اے نبی، جب آپ لوگ اپنی عورتوں کو طلاق دو تو وہ حاملہ نہ ہوں اور عدت کا خیال رکھو اور اللہ سے ڈرو جو تمہارا رب ہے۔ انہیں گھروں سے نہ نکالو اور نہ وہ خود گھر سے نکلیں۔سوائے یہ کہ وہ کھلی بے حیائی کریں۔ یہ اللہ کی حدود ہیں اور جو اللہ کی حدود پھلانگ گیا تو یقیناً اُس نے خود پر ظلم کیا۔تمہیں معلوم نہیں شاید اللہ کوئی سبیل پیدا کر دے۔(1) پھر جب وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو انہیں اچھی طرح سے روک لو یا اچھے طریقے سے فارغ کر دو۔اور اپنوں میں سے دو صاحب عدل گواہ ٹھہرا لو اور اللہ کے لئے گواہی قائم کر لو۔اللہ اور آخرت پر ایمان لانے والے کو اسی کی نصیحت کی جاتی ہے۔اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اُس کے لئے نجات کی راہ نکال دیتا ہے۔(2) اور اُسے وہاں سے رزق دیتا ہے جہاں سے رزق ملنے کا اسے خیال بھی نہیں ہوتا۔اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے اللہ اُس کے لئے کافی ہے۔ بے شک اللہ اپنا وعدہ پورا کرنے والا ہے۔تحقیق اللہ نے ہر شے کا اندازہ لگا رکھا ہے۔(3) اور جو عورتیں حیض آنے سے گزر چکی ہوں اور تمہیں شک ہو اور جن عورتوں کو کم عمری کی وجہ سے ابھی حیض نہ آیا ہو اور تمہیں شک ہو تو ان دونوں کی عدت تین مہینے ہے۔اور جو عورتیں حاملہ ہوں اُن کے عدت وضع حمل تک ہے (یعنی بچہ پیدا ہونے تک ہے )اور جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اُس کا کام آسان کر دیتا ہے۔(4) یہ اللہ کا حکم ہے جو اللہ تم پر نازل کرتا ہے۔اور جو اللہ سے ڈرتا ہے، اللہ اُس کو گناہوں سے پاک کر دیتا ہے اور اُسے بڑا اجر دیتا ہے۔(5) جہاں تم رہو عورتوں کو بھی وہیں رکھو اور انہیں تنگ کر کے تکلیف نہ دو اور اگر وہ حاملہ ہوں تو اُن پر وضع حمل تک خرچ کرو۔اور اگر وہ تمہارے لئے بچے کو دودھ پلائیں تو دودھ پلانے کے عرصہ کے دوران میں انہیں اُن کے اجر ( بدلہ ) دیتے رہو۔اور آپس میں طلاق شدہ ( میاں بیوی ) دودھ پلوائی کا معاوضہ خوش اسلوبی سے طے کر لیں۔ اگر کشمکش قائم رہے تو مرد اپنے نومولود بیٹے کو کسی اور سے دودھ پلوا سکتا ہے۔(6)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



لِیُنۡفِقۡ ذُوۡسَعَةٍ مِّنۡ سَعَتِهٖ ط وَمَنۡ قُدِرَ عَلَیۡهِ رِزۡقُهٗ فَلۡیُنۡفِقۡ مِمَّآ اٰتٰهُ اللّٰهُ ط لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا
اِلَّا مَآ اٰتٰهَا ط سَیَجۡعَلُ اللّٰهُ بَعۡدَ عُسۡرٍ یُّسۡرًا(۷)وَکَاَیِّنۡ مِّنۡ قَرۡیَةٍ عَتَتۡ عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ
فَحَاسَبۡنٰهَا حِسَابًا شَدِیۡدًا وَّعَذَّبۡنٰهَا عَذَابًا نُّکۡرًا(۸)فَذَاقَتۡ وَبَالَ اَمۡرِهَا وَکَانَ عَاقِبَةُ اَمۡرِهَا
خُسۡرًا(۹)اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمۡ عَذَابًا شَدِیۡدًا فَاتَّقُوا اللّٰهَ یٰٓاُولِی الۡاَلۡبَابِ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ط قَدۡ اَنۡزَلَ
اللّٰهُ اِلَیۡکُمۡ ذِکۡرًا(۱۰)رَّسُوۡلًا یَّتۡلُوۡا عَلَیۡکُمۡ اٰیٰتِ اللّٰهِ مُبَیِّنٰتٍ لِّیُخۡرِجَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ط وَمَنۡ یُّؤۡمِنۡ م بِاللّٰهِ وَیَعۡمَلۡ صَالِحًا یُّدۡخِلۡهُ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ
مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَآ اَبَدًا ط قَدۡ اَحۡسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزۡقًا(۱۱)اَللّٰهُ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ
سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الۡاَرۡضِ مِثۡلَهُنَّ ط یَتَنَزَّلُ الۡاَمۡرُ بَیۡنَهُنَّ لِتَعۡلَمُوۡٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ وَّاَنَّ
اللّٰهَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عِلۡمًا(۱۲)

## ٦٦ سورة التحریم مدنی سورة ... کل آیات. ۱۲

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَکَ تَبۡتَغِیۡ مَرۡضَاتَ اَزۡوَاجِکَ ط وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ
رَّحِیۡمٌ(۱)قَدۡ فَرَضَ اللّٰهُ لَکُمۡ تَحِلَّةَ اَیۡمَانِکُمۡ وَاللّٰهُ مَوۡلٰکُمۡ وَهُوَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ(۲)وَاِذۡ اَسَرَّ
النَّبِیُّ اِلٰی بَعۡضِ اَزۡوَاجِهٖ حَدِیۡثًا فَلَمَّا نَبَّاَتۡ بِهٖ وَاَظۡهَرَهُ اللّٰهُ عَلَیۡهِ عَرَّفَ بَعۡضَهٗ وَاَعۡرَضَ عَنۡ م
بَعۡضٍ فَلَمَّا نَبَّاَهَا بِهٖ قَالَتۡ مَنۡ اَنۡۢبَاَکَ هٰذَا ط قَالَ نَبَّاَنِیَ الۡعَلِیۡمُ الۡخَبِیۡرُ(۳)



صاحب وسعت کو چاہئے کہ وہ اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے۔جس پر رزق کی کمی کر دی گئی ہو یا جس کو اللہ کی طرف
سے رزق ناپ تول کر اندازے کے مطابق دیا جانے لگا ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے خرچ
کرے، اللہ کسی شخص کو اُس کے پاس اللہ کے دئے ہوئے رزق سے زیادہ خرچ کرنے کا پابند نہیں کرتا۔عنقریب اللہ تنگی کو
فراخی میں بدل دے گا۔(7) اور کتنی ہی بستیوں کے لوگوں نے اپنے رب کی حکم عدولی کی اور اللہ کے رسول کو جھٹلایا پس ہم
نے اُن سے سخت حساب لیا اور ہم نے انہیں بہت بڑی سزا دی۔(8) پس انہوں نے اپنے بُرے کام کا وبال پا لیا۔اور اُن
کے کام کا انجام نقصان ہی ہے۔(9) اللہ نے اُن کے لئے شدید عذاب تیار کر رکھا ہے۔اے اہل شعور اللہ سے ڈرو۔اے
مومنو! اللہ نے تم پر (ذکر اتارا) کتاب اتاری ہے۔(10) ایک رسول جو تم پر اللہ کی روشن آیتیں پڑھتا ہے، تاکہ مومنوں
اور نیکوکاروں کو ظلمتوں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے۔اور جو اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل کرے اللہ انہیں باغات
میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے بے شک اللہ نے اُن کے لئے خوب رزق رکھا
ہے۔(11) اللہ وہ ہے جس نے سات آسمانوں اور اُن جیسی زمین پیدا کی۔اِن کے درمیاں وہ حُکم اترتا ہے۔تاکہ وہ جان
لیں کہ اللہ ہر شے پر قادر ہے۔اور یہ کہ ہر شے اللہ کے احاطہءعلم میں ہے۔(12)

## (66)......سُوۡرَةُ اَلتَّحۡرِیۡم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔

اے نبی اللہ نے آپ کے لئے جو حلال کیا ہے اُسے اپنی بیویوں کی خوشنودی کی خاطر حرام کیوں ٹھہراتے ہو۔اور اللہ غفور
ورحیم ہے۔(1) تحقیق اللہ نے تمہاری قسموں کے کھولنے کا کفارہ مقرر کر دیا ہے۔اور اللہ تمہارا مولیٰ، جاننے والا حکمت والا
ہے۔(2) اور جب نبی نے اپنی ایک بیوی کو راز کی بات بتائی تو اُس نے راز دوسری کو بتا دیا۔اور اللہ نے یہ بات اپنے نبی
پر ظاہر کر دی۔تو اُس نے کسی کو بتایا اور کسی سے اعراض کیا۔پھر جب راز افشا کرنے والی بیوی کو بتایا تو اُس نے پوچھا آپ
کو راز کے افشا ہونے کی یہ خبر کس نے دی۔آپ نے فرمایا مجھے یہ خبر علم رکھنے والے نے دی۔(3)

WELCOME TO QURANKIPUKAR.COM



اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ (٤) عَسٰى رَبُّهٗٓ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗٓ اَزْوَاجًا خَيْرًا
مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا (٥) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ
اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (٦) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ ط اِنَّمَا
تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (٧) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا ط عَسٰى رَبُّكُمْ
اَنْ يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ النَّبِيَّ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (٨) يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ط
وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (٩) ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ
لُوْطٍ ط كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا
وَّقِيْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ (١٠) وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ م اِذْ
قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ (١١) وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ
بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ (١٢)



تم دونوں اِس بات پر اللہ سے توبہ کرو کیونکہ یقیناً تم دونوں کے دل ٹیڑھے ہو چکے ہیں اور اگر تم ایک دوسرے کی مدد کرو
گی تو بے شک اللہ اُس کا مولیٰ ہے اور اللہ کے پاس جبریل اور صالح مومن اور فرشتے ہیں جو رسول کے مددگار
ہیں۔(4) قریب ہے کہ اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں تو تمہارا رب تمہارے بدلے ان کو ایسی بیویاں دے جو، تم سے
بہتر اطاعت گزار ایمان دار، فرمانبردار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار، روزہ دار، مطلقہ یا کنواریاں ہوں۔(5)
اے مومنو! خود کو اور اپنے گھر والوں کو اُس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہیں۔ اُن پر درشت خو فرشتے
مقرر ہیں جو اللہ کے حکم کی خلاف ورزی نہیں کرتے۔ اور وہ وہی کرتے ہیں جو انہیں حکم دیا جاتا ہے۔(6) اے کافرو!،
آج تم بہانے نہ بناؤ، جو تم کرتے تھے اُسی کی جزا تمہیں دی جائے گی۔(7) اے مومنو! اللہ سے توبہ کرو، ایسی توبہ جو
توبۃٌ نصوحاً ہو۔ قریب ہے کہ تمہارا رب تمہاری سیاہیاں تم سے دور کر دے اور تمہیں جنت میں داخل کرے جس کے
نیچے نہریں بہتی ہیں۔ آج اللہ نبی کو رسوا نہ کرے گا۔ اور جو نبی کے ساتھ ایمان لائے ہوں گے اُن کا نور اُن کے آگے
اور اُن کے داہنے چل رہا ہوگا۔ وہ کہہ رہے ہوں گے، اے ہمارے رب ہمارے لئے ہمارا نور تمام کر دے اور ہمیں
بخش دے۔ بے شک تو ہر شے پر قادر ہے۔(8) اے نبی، کافروں اور منافقوں کے خلاف جہاد کرو اور اُن پر سختی کرو۔
اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور وہ بُرا ٹھکانہ ہے۔(9) اللہ نے کافروں کو نوح اور لوط کی بیوی کی مثال دی ہے۔ وہ
دونوں ہمارے دو صالح بندوں کے تحت تھیں۔ پس ان دونوں نے دونوں نبیوں کی خیانت کی تو اُن دونوں عورتوں کی
اللہ کے نزدیک کوئی بات نہ بنی۔ اور انہیں کہا گیا، جہنم میں داخل ہونے والوں کے ساتھ جہنم میں داخل ہو جاؤ۔(10)
اور اللہ نے ایمان لانے والوں کے لئے فرعون کی بیوی کی مثال دی، جب اِس نے کہا، اے میرے رب میرے لئے
اپنے پاس جنت میں گھر بنا دے اور مجھے فرعون اور اُس کے اعمال سے نجات دے۔ اور مجھے ظالم قوم سے بچا۔(11)
اور عمران کی بیٹی مریم کی مثال دی۔ جس نے اپنی شرم گاہ کی حفاظت کی تو ہم نے اُس میں اپنی روح میں سے پھونک
دیا۔ اور اِس نے رب کی باتوں کی اور کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرماں بردار تھی۔(12) ☆☆